Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

ZIYARAT · KAZMAIN

Merits

فضیلت

Shrine of Imam Kazim (a) and Imam Taqi (a)

Traditions have borne great rewards for those who visit these two Infallible Imams (a). According to many reports, to visit Imam Musa ibn Ja'far al-Kazim (a) is as same as visiting the Holy Prophet (s). According to another tradition, he who visits Imam al-Kazim (a) is as if he has visited the Holy Prophet (s) and Imam Ali Amir al-Momeneen (a). According to a third tradition, to visit Imam al-Kazim (a) is as same as visiting Imam Husain (a). According to a fourth tradition, he who visits Imam al-Kazim (a) will have Paradise as reward.

روایات میں وارد ہوا ہے کہ امام موسیٰ کاظمؑ کی زیارت حضرت رسولؐ اور امیرالمؤمنینؑ کی زیارت کے برابر ہے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ گویا امام حسینؑ کی زیارت کے ہم مرتبہ ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ جو شخص امام موسیٰ کاظمؑ کی زیارت کرے گویا اس نے رسول اللہؐ کی زیارت کی ہے۔ ایک اور روایت میں ہے: جو امام موسیٰ کاظمؑ کی زیارت کرے بہشت اس کے لئے واجب ہوجاتی ہے۔

The lofty master scholar, Muhammad ibn Shahr'ashub, has quoted in his book of al-Manaqib al-Khatib al-Baghdadi as saying, in his book of Tarikh Baghdad, that Ali ibn Khallal used to say, "Whenever I faced a grieving problem, I would direct to [the tomb of] Musa ibn Ja'far (a) and beg Allah in the name of him to solve it. Hence, Almighty Allah would always relieve that problem."

محمد ابن شہر آشوب نے اپنی کتاب مناقب میں لکھا ہے کہ تاریخِ بغداد کے مولف خطیب بغدادی نے اپنے استاد سے اور انہوں نے علی ابن خلال سے نقل کیا ہے: جب بھی مجھے کوئی مشکل کام پیش آیا تو میں نے امام موسیٰ کاظمؑ کے روضۂ مبارک پر جاکر انہیں اپنا وسیلہ بنایا تو خدائے تعالیٰ نے وہ کام مجھ پر آسان کردیا۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

Ali ibn Khallal also told this story: In Baghdad, people saw a woman running fast. “Where are you going?” they asked. “I am going to Musa ibn Ja’far (a), because my son has been led to prison.” Mocking at her, a man of the Hanbali School said to her, “Your son will thus die in the prison!” The woman answered, “I then beseech Allah in the name of the one who was killed in the prison (ie. Imam al-Kazim) to show me His omnipotence.” So, her son was immediately released and the son of the mocking man was arrested and punished for his felony.

انہوں نے یہ بھی کہا : بغداد کی ایک عورت کو دوڑ کر جاتے دیکھا گیا تو اس سے پوچھا گیا : کہاں جارہی ہو؟ اس نے کہا : میں امام موسیٰ کاظمؑ کے روضۂ مبارک پر جارہی ہوں تاکہ وہاں اپنے لڑکے کی رہائی کے لئے دعا کروں جس کو قید میں ڈال دیا گیا ہے اس جگہ ایک حنبلی شخص کھڑا تھا اس نے اس عورت سے طنز کرتے ہوئے کہا کہ تمہارا لڑکا قید خانے میں مرجائے گا۔ اس عورت نے وہیں کھڑے ہو کر دعا مانگی کہ اے میرے رب ! میں اس ہستی کا واسطہ دیتی ہوں کہ جسے قید خانے میں شہید کیا گیا اور اس کی مراد امام موسیٰ کاظمؑ تھے۔ میں دعا کرتی ہوں کہ یہاں تو اپنی قدرتِ کاملہ کو ظاہر فرما ! اچانک دیکھا گیا کہ اس عورت کے لڑکے کو آزاد کر دیا گیا اور اس ہنسی اڑانے والے حنبلی کے لڑکے کو اس کے جرم میں گرفتار کر لیا ہے۔

Shaykh Saduq has reported Ibrahim ibn Aqabah as saying: I wrote a letter to Imam Ali Naqi (a) asking him about the merits of visiting Imam Husain (a) and visiting Imam Musa ibn Ja’far (a) and Imam Muhammad Taqi (a). (ie. which is more preferred; to visit Imam Husain (a) or to visit Imam Kazim (a) and Imam Jawad (a)). The Imam (a) wrote back, “Visiting Abu Abdullah (ie. Imam Husain (a)) is preferred. Visiting Imam Kazim (a) and Imam Jawad (a) is more comprehensive and more rewardable.”

شیخ صدوقؒ نے ابراہیم ابن عقبہ سے روایت کی ہے کہ اس نے کہا : میں نے ایک عریضہ امام علی نقیؑ کی خدمت میں بھیجا اور اس میں یہ سوال پوچھا کہ امام حسینؑ امام موسیٰ کاظمؑ اور امام محمد تقیؑ کی زیارت میں سے کون سی مقدم ہے جواب میں فرمایا : زیارت امام حسینؑ مقدم ہے ‘ لیکن مذکورہ دو معصوموں کی زیارت کا اجر و ثواب بھی بہت زیادہ ہے۔

As for the method and the forms of ziyarat in the holy shrine of Imam Kazim (a) and Imam Jawad (a), some forms are shared by the two Imams while others are dedicated to each one separately.

واضح ہو کہ کاظمین کے حرم مبارک کی زیارتوں میں سے بعض زیارتیں وہاں مدفون معصوموں کے لئے مشترک ہیں اور بعض زیارتیں ان دونوں میں سے کسی ایک امام کے لئے مخصوص ہیں۔

The story of Hajj Ali Baghdadi

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

The story of Hajj Ali Baghdadi, the delighted, righteous, elite, and pious man whose story has been mentioned in Jannat al-Ma'wa and al-Najm al-Thaqib. Hajj Ali, may Allah support him, narrated the following: An amount of 80 Tumans (Persian currency) that I was liable to pay as khumus (1/5) tax amassed on me. I therefore traveled to the holy city of Najaf to defray 20 Tumans of them to His Eminence Shaykh Murtaza (r) the epitome of true guidance and piety. I defrayed other 20 Tumans to His Eminence Shaykh Muhammad Husayn Mujtahid Kazimi (r) and other 20 Tumans to His Eminence Shaykh Muhammad Hasan Shuruqi (r). So, only 20 Tumans remained with me, which I had the intention to pay to Shaykh Muhammad Hasan Yasin Kazimi (r), when I would return from Najaf.

مؤلف کہتے ہیں: ان زیارتوں کی مناسبت سے یہاں سعید، صالح، برگزیدہ، اور متقی حاجی علی بغدادی کے واقعہ کا ذکر کردینا مفید ہوگا جسے میرے استاد مرحوم نے اپنی دو کتابوں جنۃ الماویٰ و نجم الثاقب میں تحریر فرمایا ہے، چنانچہ انہوں نے نجم الثاقب میں لکھا ہے اگر اس کتاب میں دیگر واقعات درج نہ کئے جاتے اور صرف یہی واقعہ مذکور ہوتا جو ابھی نیا ہے اور صحیح ہے مزید اس میں بہت سے فوائد بھی ہیں تو اس کتاب کی قدرو قیمت کے لئے اس میں صرف یہی کافی تھا۔

As soon as I arrived in Baghdad, I wished to pay the rest of the khumus tax that I was liable to pay. So, I went directly to Kazmain on that day, which was Thursday, and visited the two great Imams; Kazim (a) and Jawad (a). I then came to His Eminence Shaykh Muhammad Hasan (r) and gave him a part of that amount of 20 Tumans. I also promised him that I would defray the remainder, by giving it to the beneficiaries respectively, as soon as I would sell some goods of mine. I then prepared myself to leave Kazmain after I had refused the Shaykh's insistent invitation to stay with him.

اس تمہید کے بعد فرمایا: حاجی علی بغدادی کہ خدا ان کی تائید کرے انہوں نے ذکر کیا ہے کہ میرے ذمے (۸۰) تومان مالِ امام تھا کہ (جو ایرانی سکہ ہے) میں نجف اشرف گیا اور اسّی تومان میں سے بیس تومان علم الہدیٰ شیخ مرتضیٰ اعلی اللہ مقامہ کی خدمت میں بیس تومان شیخ محمد حسین مجتہد کاظمینؒ اور بیس تومان شیخ محمد حسن شروقیؒ کی خدمت میں پیش کیے اور بقیہ بیس تومان جو میرے ذمہ رہ گئے ان کے بارے میں یہ خیال تھا کہ بغداد واپس پہنچ کر یہ رقم شیخ محمد حسن کاظمینؒ آل یاسین کی خدمت میں پیش کروں گا اور میری خواہش تھی کہ اس کام میں ہر ممکن عجلت سے کام لوں۔

Free to read, copy and share

My excuse was that I had to pay the employees in my textile factory their wages, since I had already decided to pay the employees their weekly wages on Thursday afternoons. I therefore took my way to Baghdad. After I covered a third of the way, I saw a handsome sayyid turning his way towards me while he was directing towards Kazmain. He approached me, greeted me, and stretched his hand to shake hands with me. He also embraced and welcomed me, saying, “Welcome!” He then embraced me to his chest and we exchanged kisses.

پھر جمعرات کے روز میں نے امامین کاظمینؑ کی زیارت کا قصد کیا اور زیارت سے مشرف ہونے کے بعد میں جناب شیخ سلمہ کے پاس گیا اور ان بیس تومان میں سے کچھ ان کی خدمت میں پیش کیے اور جو باقی رہ گئے ان کے بارے میں عرض کی: یہ میرے پاس رہنے دیں یہ میں بعض اجناس کی فروخت کے بعد آپ کی ہدایت کے مطابق حق داروں تک پہنچادوں گا۔ ان کے ہاں سے فارغ ہوکر میں نے اسی روز عصر کے وقت بغداد واپس جانے کا ارادہ ظاہر کیا تو شیخ موصوف نے فرمایا: آج یہیں قیام کریں!

Turbaned with a vividly green turban and having a big black mole on the face, the man stopped and asked me, “Hajj ‘Ali, where are you heading for?” “I have visited Kazmain and I am now on my way to Baghdad,” I answered. “Go back to Kazmain,” the sayyid ordered. “It is Friday night.” “I cannot go back,” I said. “Yes, you can,” the sayyid said, “so that I will witness for your being one of the loyalists to my grandfather the Commander of the Faithful and to us. The shaykh will also witness for you, because the All-exalted Lord has said, ‘And call in to witness two witnesses.’”

میں نے عرض کی: آج جاکر مجھے کارخانے کے مزدوروں کی اجرت ادا کرنا ہے کیوں کہ ہمارے ہاں ہفتہ بھر کی مزدوری جمعرات کی عصر کے وقت ادا کی جاتی تھی تو میں وہاں سے چل پڑا اور ابھی میں نے ایک تہائی سفر طے کیا ہوگا کہ میری نظر ایک سید جلیلؒ پر پڑی جو بغداد سے آرہے تھے۔ جب وہ میرے قریب پہنچے تو سلام کیا اور مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا خوش آمدید کہا اور مجھے سینے سے لگایا پھر ہم نے عرب کی رسم کے مطابق ایک دوسرے کا بوسہ لیا، ان کے سرِمبارک پر سبز عمامہ تھا اور رخسار پر بڑا سا سیاہ تل تھا انہوں نے فرمایا: حاجی علی! آپ کا کیا حال ہے اور آپ کہاں جارہے ہیں؟

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

This was an insinuation to what I have already hoped from the shaykh to write for me a piece of paper so that I would place it in my shroud in which he would witness for me that I am one of the loyalists to the Ahlul-Bayt. I therefore asked him, “How do you know me and how can you witness for me?” The sayyid answered, “Is it possible for one to ignore those who have carried out their duty towards him?” “What kind of duty do you mean?” I asked. “I mean the financial duty that you have defrayed to my deputy,” he answered. “Who is your deputy?” I asked. “Shaykh Muhammad Hasan,” he answered. “Is he your deputy?” I asked. “He is,” he answered. “So is Sayyid Muhammad.”

میں نے عرض کی: کاظمین کی زیارت کرکے واپس بغداد جارہاہوں۔ انہوں نے فرمایا: آج شبِ جمعہ ہے لہٰذا آپ زیارت کاظمین کے لئے واپس ہوجائیں، میں نے عرض کی: میرے سردار میں ایسا نہیں کرسکتا ! انہوں نے فرمایا: نہیں آپ ایسا کرسکتے ہیں۔ واپس چلیں تاکہ میں گواہ بنوں کہ آپ میرے جد بزرگوار امیر المؤمنینؑ کے موالیوں اور میرے محبوں میں سے ہیں۔ پھر شیخ بھی اس بات کی گواہی دیں کیوں کہ حق تعالیٰ نے فرمایا ہے: اپنے لئے گواہ وشاہد بناؤ۔

As a matter of fact, I had not known this man before but he called me by name; therefore, I thought that we had probably known each other earlier. I also said to myself that the man might have wanted me to give him a part of the khumus duty. I therefore wished to give him something of the Imam’s share of that duty. I thus said to him, “Sayyid, I am liable to pay something of your financial due. I had referred to His Eminence Shaykh Muhammad Hasan to allow me to pay this remaining amount to you.”

ان کی اس بات میں در اصل ایک اشارہ اس خیال کی طرف تھا جو میرے دل میں تھا اور وہ یہ کہ شیخ مکرم ومحترم سے درخواست کروں کہ وہ مجھے ایک تحریر لکھ دیں جس میں یہ ذکر ہو کہ میں امیر المؤمنینؑ کے محبوں میں سے ہوں اور پھر اس تحریر کو کفن میں اپنے ساتھ رکھوں۔ میں نے کہا: آپ کو یہ کیسے معلوم ہوا اور آپ میرے لئے کس طرح کی شہادت دیں گے؟ انہوں نے فرمایا: جو شخص کسی کا حق اس تک پہنچاتا ہے تو حق وصول کرنے والے کو اس کے متعلق کیوں علم نہ ہوگا !

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

The sayyid smiled in my face and said, “Yes, you have defrayed a portion of our due to our deputies in the holy city of Najaf.” “Has that portion which I have paid been accepted?” I asked. “Yes, it has been accepted,” he answered. I then noticed that this sayyid had been referring to the master scholars as his deputies. This was hard for me to consent. However, I returned to inadvertence of what was going between him and me.

میں نے عرض کیا: کون سا حق؟ انہوں نے فرمایا: وہ جو آپ نے میرے وکیل کو دیا ہے میں نے کہا: آپ کے کس وکیل کو؟ انہوں نے فرمایا: وہی شیخ محمد حسن، میں نے کہا: وہ آپ کے وکیل ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا: ہاں وہ میرے وکیل ہیں اور جناب سید محمدؒ بھی میرے وکیل ہیں میرے دل میں یہ بات آئی کہ ان سید جلیلؒ نے مجھے میرے نام سے پکارا ہے حالانکہ وہ مجھے پہچانتے نہیں ہیں پھر خیال آیا کہ وہ مجھے جانتے ہوں گے لیکن مجھے اس کی خبر نہ ہوئی ہوگی۔

The sayyid then asked me to go back with him to visit his grandfather. I therefore complied with his desire and returned with him. All the way back to Kazmain, my left hand was grasping the sayyid’s right hand. While we were walking, I found to our right side a river of pure water. I also found trees of lemon, bitter orange, grapes, pomegranate, and other fruits overshadowing us and all of these trees were fruitful although it was not the season of their fruiting. When I asked the sayyid about this, he answered, “The river and the trees accompany every one of our loyalists when he visits our grandfather and us.”

پھر خیال آیا کہ یہ سیّد بزرگوار مجھ سے حق سادات میں سے کچھ لینا چاہتے ہیں اور چاہتے ہوں کہ انہیں مالِ امام میں سے کچھ دوں لہذا میں نے عرض کی: اے بزرگوار! آپ کے حق میں سے میرے پاس کچھ سہمِ امام موجود ہے اور میں نے آقا شیخ محمد حسن سے اجازت بھی لی ہوئی ہے تو کیا وہ آپ کو دے دوں؟ انہوں نے مسکراتے ہوئے فرمایا: آپ نے ہمارے حق میں سے کچھ نجف اشرف میں وکیلوں کو دے دیا ہے۔

Free to read, copy and share

I then said, “I have a question that I would like to put before you.” “Yes,” the sayyid said. “Go ahead.” “One day,” I said, “I joined the class of Shaykh Abd al-Razzaq, one of the teachers, and could hear him saying, ‘Even if one dedicates his entire lifetime to observing fasting in days and spending the whole nights with acts of worship, and goes on hajj for 40 times, and goes on ‘umrah for 40 times, and dies while he is standing between Mount Safa and Marwah, but he was not loyalist to the Commander of the Faithful, he will have no reward at all for all that.’ Is this accurate?” “Yes, it is,” answered the sayyid. “Such one will have no reward at all.” I then asked him about one of my relatives whether he is loyalist to the Commander of the Faithful or not. The sayyid answered, “Yes, he is as well as all those who relate to you.” I then said, “May I ask you another question, sayyid?” “Yes, you may,” he answered.

میں نے عرض کی : جو کچھ میں ادا کرچکا ہوں کیا وہ قبول ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں قبول ہے، میرے دل میں آیا کہ یہ بزرگوار علماء کرام کو اپنا وکیل بتا رہے ہیں اور یہ بات مجھے کچھ اچھی معلوم نہ ہوئی تو میں نے پوچھا : کیا علماء کرام سہم سادات وصول کرنے میں وکیل ہوسکتے ہیں؟ اس کے بعد مجھ پر غفلت سی طاری ہوگئی اور میں اس سوال کا جواب دریافت نہ کرسکا۔ اس اثناء میں انہوں نے فرمایا : میرے جدّ بزرگوار کی زیارت کے لئے واپس چلیں لہٰذا میں زیارت کے لئے ان کے ساتھ واپس پلٹا اور وہ میرا ہاتھ اپنے دائیں ہاتھ میں لے کر چل پڑے۔

I said, “The orators in the consolation ceremonies of Imam Husain (a) have narrated that a man came to Sulayman al-A’mash and asked him about visiting the tomb of the Chief of Martyrs (Imam Husain (a)), but Sulayman answered that it was an unfounded innovation. The man then saw in sleep a howdah between the sky and the earth carrying Lady Fatimah Zahra (s) and Lady Khadijah Kubra (s). When he asked where these two ladies were going, he was informed that they were going to visit Husain (a) at that very night, which was Friday night. He also saw pieces of paper falling on the earth from that hodaw with the following inscription: This is security against Hellfire for those who visit Husain (a) at Friday nights. This is security against Hellfire on the Resurrection Day. Is this tradition authentic?”

میں نے راہ چلتے ہوئے دیکھا کہ ایک نہر ہے جس میں صاف شفاف پانی جاری ہے اور لیموں، سنترہ اور انگور کے درخت اور بیلیں موجود ہیں جن کا موسم نہیں ہے میں نے ان سے پوچھا : یہ نہر اور درخت کیسے ہیں؟ انہوں نے فرمایا : ہمارے محبوں میں سے جو شخص ہمارے جد بزرگوار کی اور ہماری زیارت کے لئے جائے یہ ان کے لئے ہیں۔

Free to read, copy and share

The sayyid answered, “Yes, it is completely authentic.” “Sayyid,” I asked, “Is it true that whoever visits Husain (a) on Friday nights will be secured?” “Yes, it is,” he answered, his eyes shed tears, and he wept. “May I ask another question, sayyid?” I asked. “Yes, you may,” he answered.

تو میں نے عرض کی : میں کچھ پوچھنا چاہتا ہوں؟ انہوں نے فرمایا : ہاں پوچھیں میں نے کہا : شیخ عبد الرزاق مرحوم ایک عالم ومدرس تھے ایک دن میں ان کے پاس گیا تو سنا وہ فرمارہے تھے: جو شخص زندگی بھر راتوں کو عبادت کرتا رہے اور دنوں میں روزے رکھے چالیس حج وعمرہ بجالائے اور صفاو مروہ کے درمیان مرجائے لیکن اگر وہ امیر المؤمنینؑ کے محبوں میں سے نہ ہو تو اسے ان عبادتوں کا کچھ بھی اجر نہیں ملے گا۔ آپ نے فرمایا : ہاں قسم بخدا ! اسے کچھ نہیں ملے گا۔

In the year 1269, we were on our way for visiting Imam Reza (a). In the city of Durud, we met an Arab man who hosted us. When we asked him about the loyalty to Imam Reza (a), he answered, ‘Paradise is the loyalty to him!’ He then added, ‘This is the 15th day on which I have been feeding on the food of Imam Reza (a). How dare then Munkar and Nakir approach me in my grave? My flesh and bone have grown on the food of Imam Reza (a) in his guest house.’ Is it true that Imam Reza (a) will come to this man in his grave to save him from Munkar and Nakir?”

پھر میں نے اپنے عزیزوں میں سے ایک کے بارے میں پوچھا : کیا وہ امیر المؤمنینؑ کے محبوں میں سے ہیں؟ آپ نے فرمایا :ہاں اور وہ بھی جو آپ کے متعلقین میں سے ہیں میں نے کہا : میرے سردار ایک مسئلہ پوچھتا ہوں؟ آپ نے فرمایا :پوچھیں تو میں نے عرض کی:امام حسینؑ کی مجلس پڑھنے والے بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص سلیمان اعمش کے پاس آیا اور اس نے امام حسینؑ کی زیارت کے متعلق پوچھا تو۔

“Yes, it is true,” the sayyid answered. “I swear it by Allah; my grandfather guarantees (salvation from torment).” I then said, “Sayyid, there is another short question that I would like to put before you, if you permit.” “You may ask,” he answered. “As for my visit to Imam Reza (a), has it been acceptable?” I asked. “It is acceptable, Allah willing,” he answered.

اس نے جواب دیا : یہ بدعت ہے۔ اس نے خواب میں زمین وآسمان کے درمیان ایک ہودج (نور کی عماری)دیکھا تو پوچھا : اس میں کون ہے؟ اسے بتایا گیا کہ اس میں بی بی فاطمہ زہراؑ اور بی بی خدیجۃ الکبریٰؑ ہیں اس نے پوچھا : یہ کہاں جارہی ہیں؟ جواب ملا کہ آج شبِ جمعہ ہے یہ اپنے فرزند امام حسینؑ کی زیارت کرنے جارہی ہیں، پھر اس نے دیکھا کہ ہودج (نور کی عماری)میں سے بہت سے کاغذ گر رہے ہیں، جن پر تحریر ہے:(اَمانٌ مِنَ النّارِ لِزوّارِ الحسین علیہ السلام فِی لَیلَۃِ الجمعۃ امانٌ مِنَ النّار یَومَ القِیامۃ)شبِ جمعہ میں امام حسینؑ کی زیارت کرنے والے کے لئے قیامت کے روز آگ سے امان ہے، تو کیا یہ حدیث صحیح ہے؟

Free to read, copy and share

"May I ask another question?" I said. "Yes, you may," he answered. "Has the visit of Hajj Muhammad Husayn Bazzaz Bashi, the son of the late Hajj Ahmad Bazzaz Bashi been accepted? I accompanied him on my way to the shrine of Imam Reza (a); we therefore distributed expenditure between us." The sayyid answered, "The visit of the righteous servant is accepted."

انہوں نے فرمایا ہاں یہ بالکل صحیح ہے میں نے عرض کی: میرے آقا! کیا یہ صحیح ہے جو شخص شبِ جمعہ میں امام حسینؑ کی زیارت کرے اس کے لئے آگ سے امان ہے؟ انہوں نے فرمایا: ہاں قسم بخدا! یہ بالکل صحیح ہے میں نے دیکھا کہ اس وقت ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہیں اور وہ گریہ کر رہے ہیں میں نے کہا: مجھے کچھ اور بھی پوچھنا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا: ہاں پوچھیں، میں نے کہا کہ ہم نے سنہ ۱۲۶۹ھ میں امام علی رضاؑ کی زیارت کی تو مقام درود پر ایک عرب سے ہماری ملاقات ہوئی جو نجف اشرف کی مشرقی جانب کے دیہاتیوں میں سے تھا۔

"May I ask another question?" I said. "Yes, you may ask, in the name of Allah," he answered. I thus asked, "Has the visit of so-and-so from Baghdad been accepted? He was with us on our way to Khurasan." However, the sayyid kept silent. He did not answer this question.

ہم نے اسے اپنا مہمان بنایا اور دورانِ گفتگو اس سے پوچھا: امام علی رضاؑ کا ملک کیسا ہے؟ اس نے کہا: یہ تو جنّت ہے مجھے یہاں رہتے ہوئے آج پندرہ دن ہو رہے ہیں اور میں حضرتؑ کے مہمان خانے سے کھانا کھا رہا ہوں تو منکر نکیر کی کیا جرأت ہے کہ وہ میری قبر میں آئیں جب کہ میرا گوشت پوست امام علی رضاؑ کے مہمان خانے کے کھانے سے پرورش پا چکا ہے۔ کیا یہ صحیح ہے کہ امام علی رضاؑ اس کے پاس قبر میں تشریف لا کر اس کو منکر نکیر سے چھڑا لیں گے؟ انہوں نے فرمایا: ہاں قسم بخدا! میرے جد اس شخص کے ضامن ہیں۔

"May I ask another question?" I said. "Yes, you may ask, in the name of Allah" he answered. "Have you heard my previous question? Has the visit of that man been accepted?" I asked. The sayyid did not answer this question either. The man about whom I asked the sayyid was one of the rich people of Baghdad. Throughout our journey to Imam Reza (a), he and his friends used to play and amuse themselves profligately. The man was the killer of his mother.

میں نے کہا: ایک چھوٹا سا سوال اور بھی ہے؟ انہوں نے کہا: پوچھیں میں نے عرض کی: میری وہ زیارت امام علی رضاؑ قبول ہے؟ تو فرمایا کہ قبول ہے انشاء اللہ! میں نے کہا: اے میرے مولا! ایک اور سوال ہے؟ تو فرمایا: بسم اللہ پوچھیں، میں نے عرض کی: حاجی محمد حسین بزاز باشی ولد حاجی احمد بزاز باشی مرحوم جو اس زیارت میں میرے ہمراہی اور ہم خرچ تھے کیا ان کی زیارت قبول ہے یا نہیں؟ انہوں نے فرمایا: ہاں اس عبد صالح کی زیارت بھی قبول ہے۔ میں نے پوچھا: بغداد کا فلاں شخص جو ہمارا ہم سفر تھا کیا اس کی زیارت قبول ہے یا نہیں؟ تو وہ خاموش ہو گئے میں نے دوبارہ پوچھا کہ اس کی زیارت قبول ہے یا نہیں؟ تو بھی انہوں نے کچھ جواب نہ دیا۔

Free to read, copy and share

We then reached an open road facing the city of Kazmain and surrounded by orchards from both sides. A side of this road, which lies to the right of those coming from Baghdad, had been owned by some orphan sayyids but the ruling authorities usurped it from them to make it part of the public way. Hence, the religious, pious people of Kazmain used to refrain from walking in this side of the road. However, my companion did not refrain from walking in that side; I therefore said to him, “Sir, this place is owned by some orphan sayyids and it is thus improper to use it.”

حاجی علی بغدادی کا بیان ہے کہ وہ شخص بغداد کے مال دار افراد میں سے ایک تھا جو سفرِ زیارت میں کھیل تفریح کے کاموں میں مصروف رہتا تھا اور میں نے جس کے بارے میں سوال کیا تھا اس نے اپنی ماں کو قتل بھی کیا ہوا تھا۔ اس کے بعد ہم ایک کھلی سڑک پر پہنچے جس کے دونوں طرف باغات ہیں اور یہ کاظمین کے قریب وہ جگہ ہے جہاں بغداد کے باغات ان باغوں کے ساتھ ملے ہوئے ہیں وہ جگہ ایک یتیم سیدؑ کی تھی جس کو حکومت نے سڑک میں شامل کر لیا تھا اور کاظمین کے متقی و پرہیزگار لوگ سڑک کے اس حصے پر نہیں چلتے تھے۔

He answered, “It is owned by my grandfather, the Commander of the Faithful, his descendants, and our sons; therefore, it is permissible to our loyalists to use it.” Near this place, there was to the right side an orchard owned by a man named Hajj Mirza Hadi, one of the rich Persians who lived in Baghdad. Hence, I said, “Sayyid, is it true that the land of this orchard is originally owned by Imam Musa ibn Ja’far (a)?” “What is your business with this issue?” the sayyid replied and refused to answer my question.

لیکن میں نے دیکھا کہ وہ بزرگ اس جگہ پر چل رہے تھے میں نے عرض کی: اے میرے آقا! یہ ایک یتیم سیدؑ کی جگہ ہے جسے استعمال کرنا درست نہیں ہے تو انہوں نے فرمایا: یہ جگہ میرے جدّ امیر المومنینؑ کی ان کی اولاد اور ہماری اولاد کی ہے لہذا ہمارے محبوں کے لئے اس کا استعمال حلال ہے۔ اس جگہ کے نزدیک حاجی میرزا ہادی کا ایک باغ تھا جو عجم کے معروف مال داروں میں سے ہیں اور آج کل بغداد میں سکونت پذیر ہیں، میں نے اس باغ کے بارے میں پوچھا کہ مشہور ہے کہ یہ امام موسیٰ کاظمؑ کا ہے کیا یہ درست ہے؟

We then reached a rivulet on the Tigris used for irrigating the farms and orchards. This rivulet crossed that road making it ramify into two streets; namely, the sultanic street and the street of the sayyids. My companion headed for the street of the sayyids after he had refused my invitation to take the other street. He thus said to me, “Let us take this street.”

انہوں نے فرمایا: آپ کو اس سے کیا غرض؟ اور اس بارے میں مزید کچھ نہ کہا، اتنے میں ہم دجلہ کے اس مقام پر پہنچ گئے جہاں سے باغوں اور کھیتوں کے لئے پانی لیا جاتا ہے۔ وہاں سے دو راستے شہرِ کاظمین کو جاتے ہیں کہ ایک سلطانی اور دوسرا سادات کے نام سے مشہور ہے، انہوں نے سادات کے راستے پر چلنا شروع کیا تو میں نے کہا سلطانی راستے سے چلیں تو انہوں نے فرمایا: ہم اسی راستے سے جائیں گے، تھوڑا سا راستہ ہی چلے تھے کہ ہم صحن مبارک میں جہاں جوتے اتارے جاتے ہیں اس کے پاس پہنچ گئے جب کہ ہم کسی کوچہ و بازار سے نہ گزرے تھے۔

Free to read, copy and share

A few steps ahead, we found ourselves in the courtyard of the holy shrine of Imam Kazim (a) near the shoes store without having passed by any market or alley. So, we entered the passage from the eastern side of the gate that is known as Bab al-Murad, which is to the side of the Imam's feet. My companion did not stop there to ask permission of entrance of the holy portico. He then stopped at the gate of the holy shrine addressing at me with the following words: "You may now say the ziyarat form." "I cannot read," I said. "May I recite the ziyarat form for you?" he suggested. "Yes, you may," I answered. So, he said...

ہم مشرق کی جانب واقع باب المراد سے ایوان مبارک میں داخل ہوئے، وہ بزرگ رواق میں نہیں ٹھہرے اور اذن دخول بھی نہیں پڑھا بلکہ سیدھے حرم میں داخل ہوگئے، اور مجھ سے فرمایا: زیارت پڑھیں میں نے عرض کی: میں پڑھا ہوا نہیں ہوں تو انہوں نے فرمایا: میں آپ کو زیارت پڑھاؤں؟ میں نے کہا: ہاں پڑھائیے تو آپ نے فرمایا۔۔۔

"O Allah, may I enter? Peace be upon you, O Allah's Messenger. Peace be upon you, O Commander of the Faithful." He went on greeting the Holy Imams by this form. When he reached to Imam Hasan Askari (a), he said...

کیا میں داخل ہوجاؤں اے اللہ؟ آپ پر سلام ہو اے خدا کے رسولؐ آپ پر سلام ہو اے مومنوں کے امیر۔

"Peace be upon you, O Abu-Muhammad al-Hasan al-'Askari." He then said to me, "Do you know the Imam of your age?" "How come that I do not know him?" I said. "So, greet him," he asked. I said...

اسی طرح انہوں نے ائمہؑ میں سے ہر امام کا نام لے کر انہیں سلام کیا یہاں تک کہ امام حسن عسکریؑ کی نوبت آئی تو فرمایا۔ آپ پر سلام ہو اے ابو محمد حسن العسکریؑ۔

"Peace be upon you, O Allah's Argument, Patron of the Age, and son of al-Hasan." He replied: "Peace and Allah's mercy and blessings be upon you, too."

پھر مجھ سے کہا: آیا آپ اپنے زمانے کے امام کو پہچانتے ہو؟ میں نے کہا: کیوں نہ پہچانوں گا انہوں نے فرمایا: امام زمانہؑ (عج) کو سلام پیش کریں چنانچہ میں نے کہا۔ آپ پر سلام ہو اے حجتِ خدا اے صاحب الزمانؑ اے حسنؑ کے فرزند!۔

Free to read, copy and share

We then entered the holy shrine, threw ourselves on the holy tomb, and kissed it. He then said to me, “You may now say the ziyarat form.” “I cannot read,” I said. “May I recite it for you?” he asked. “Yes, you may,” I answered. “Which form of ziyarat do you wish to say?” He asked. “You may say the most favorite of them,” I answered. “Ziyarat Aminullah is the most favorite,” he remarked.

تو وہ بزرگ مسکرائے اور فرمایا۔۔۔ تم پر بھی سلام ہو خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات ہوں۔

He then went on visiting the Imams (a) with this form of ziyarat, saying, “Peace be upon both of you, O Allah’s trustees in His land and His arguments against His servants…” up to the end of this form. At that moment, the lanterns of the holy shrine were lit, but I noticed that these lanterns and candles did not add any light to that very holy place, which seemed to have been shone with sunlight and these candles seemed as if they were lit in daylight. Despite all these extraordinary matters, I was completely diverted that I could not pay attention to these things.

اس کے بعد ہم حرم مطہر میں داخل ہوگئے ضریح مقدس کو سینے سے لگایا اور اس پر بوسہ دیا، ان بزرگ نے مجھ سے کہا کہ زیارت پڑھیں میں نے کہا :میں پڑھا ہوا نہیں ہوں، انہوں نے فرمایا: میں آپ کو زیارت پڑھاؤں؟ میں نے عرض کی: ہاں ! انہوں نے فرمایا : آپ کون سی زیارت پڑھنا چاہتے ہیں؟ میں نے کہا : جو زیارت افضل ہے مجھے وہی پڑھوائیں، انہوں نے فرمایا : زیارت امین اللہ افضل ہے پھر زیارت پڑھنے میں مشغول ہوگئے اور فرمایا۔ سلام ہو آپ دونوں پر اے خدا کی زمین میں اس کے امانت دارو اور اس کے بندوں پر اس کی حجت۔

When he accomplished the ziyarat formula, he turned from the side of the Imam’s feet to the back of the holy tomb and stopped at the eastern side, “Will you visit my grandfather al-Husain?” he asked. “Yes, I will. This is Friday night,” I answered. He therefore visited Imam Husain (a) with the ziyarat form that is known as Ziyarat Waresa.

عین اسی وقت حرمِ مبارک کے چراغ جلادئے گئے میں دیکھ رہا تھا کہ شمعیں روشن ہیں لیکن حرم مطہر کسی اور نور سے جگمگا رہا تھا جو سورج کی روشنی کے مانند تھا۔ جو شمعیں جل رہی تھیں وہ یوں لگتی تھیں جیسے سورج کے سامنے چراغ جلایا گیا ہو، لیکن مجھ پر اتنی غفلت چھائی ہوئی تھی کہ میں ان علامات کی طرف متوجہ نہ ہو رہا تھا۔ جب وہ بزرگ زیارت سے فارغ ہوئے تو پائینتی کی جانب مشرق کی سمت کھڑے ہوئے اور فرمایا : آپ میرے جد بزرگوار امام حسینؑ کی زیارت کرنا چاہتے ہیں ؟

Free to read, copy and share

At that moment, the caller to the Maghrib (sunset) Prayer finished from declaring the adhan (call to prayer). My companion then said to me, “Perform the prayer and join the congregation.” So, he came to the mosque that is situated behind the holy tomb where a congregational prayer was held. He stood alone to the right of the imam (leader of prayer) while I could find myself a place in the first line thus joining the congregation of the prayer. When I accomplished my prayer, I could not find my companion. So, I went out of the mosque and searched for him the entire shrine, but uselessly. I had the intention to give him a little amount of money and host him that night.

میں نے کہا: شبِ جمعہ ہے لہٰذا میں حضرتؑ کی زیارت کرنا چاہتا ہوں تو آپ نے زیارت وارث پڑھی اور اس اثناء میں مؤذن مغرب کی اذان دے چکے تھے آپ نے مجھ سے فرمایا: جائیں اور جماعت کے ساتھ نماز مغرب ادا کریں، وہ اس وقت اس مسجد میں آئے جو روضۂ مبارک کے سرہانے کی طرف ہے وہاں جماعت ہورہی تھی اور انہوں نے امام کے دائیں پہلو ہوکر فرادیٰ نماز پڑھی۔

At that moment, I recovered my attention and began to think about the personality of that sayyid who had accompanied me to this place. Hence, the extraordinary events and miracles that I observed with the sayyid turned in my head. I thus remembered how I had surrendered to him totally and returned to al-Kazimiyyah forgetting the important matter that I had to do in Baghdad due to which I should not have come back to this city. The man called me by name although I had never seen him before.

میں پہلی صف میں جماعت کے ساتھ شامل ہوگیا جب میں نماز سے فارغ ہوا تو ان کو وہاں نہیں دیکھا میں مسجد سے نکلا اور حرم مبارک میں انہیں ڈھونڈنے لگا لیکن انہیں نہ پایا جب کہ میرا خیال تھا ان سے مل کر انہیں کچھ رقم دوں اور رات کو انہیں اپنے پاس ٹھہراؤں تاہم اس وقت میری آنکھوں سے غفلت کا پردہ ہٹا اور میں ان بزرگوار کے سبھی معجزوں کی طرف توجہ کرنے لگا کہ کیسے میں ان کی اطاعت کرتے ہوئے اپنا کام چھوڑ کر بغداد سے واپس آیا، ان کا مجھے نام لے کر پکارنا اپنے محبوں کی شہادت دینا اس نہر اور درختوں پر بے موسم کے میووں کا دیکھا جانا وغیرہ کہ جن کے باعث مجھے یقین ہوگیا کہ وہ میرے امام مہدیؑ (عج) تھے۔

Free to read, copy and share

He also used the word, “the loyalists to us…” as well as other expressions such as, “I will witness for you.” He showed me the flowing river and the trees, which were fruitful in a time other than their seasons. All these clear-cut indications, as well as many others that I saw from this sayyid, prove undoubtedly that this sayyid was Imam al-Mahdi, especially that he asked me whether I recognize the Imam of my age; and when I answered in the affirmative, he asked me to greet him. When I did, he smiled and responded to my greeting.

پھر اذنِ دخول میں امام حسن عسکریؑ کے بعد ان کا مجھ سے پوچھنا کہ اپنے زمانے کے امام کو جانتے ہو؟ اور یہ فرمانا کہ ان کو سلام کرو اور میرے سلام پیش کرنے کے بعد ان کا مسکرانا اور جواب میں وَعَلَیکَ السَّلامُ کہنا وغیرہ تمام علامات میرے امام العصر (عج) ہی کی تھیں، میں جوتے رکھنے کی جگہ پر آیا اور ان لوگوں سے پوچھا: تو انہوں نے بتایا کہ وہ باہر چلے گئے ہیں اور پوچھا: کیا وہ بزرگوار سید آپ کے ہمراہی تھے؟

However, I came to the custodian of the shoes store and asked him about my companion. He told me that he had just left. He then asked me whether he was actually my companion. I answered, “Yes, he was.” I then came to the house where I resided as guest and spent the night there. The next morning, I headed for His Eminence Shaykh Muhammad Hasan and informed him of the whole story. He put his hand on his mouth and warned me against divulging this story. He added, “May Allah lead you to more success.” I therefore used to keep it secret and refrain from letting anybody know about it.

میں نے کہا: ہاں۔ اس کے بعد میں نے وہ شب اپنے سابق میزبان کے ہاں آکر گزاری اور صبح ہوئی تو میں شیخ محمد حسن قبلہ کی خدمت میں پہنچا اور جو واقعات گزرے تھے وہ سب ان کے گوش گزار کیے تو انہوں نے اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر مجھے اس قصہ اور اس راز کو اظہار کرنے سے منع فرمایا اور کہا کہ خدا آپ کو توفیق دے۔

After one month of that incident, I met a reverent sayyid who approached and asked me, “What happened to you?” He was hinting at the incident, but I denied the matter, saying, “Nothing happened to me.” He repeated the same question and I repeated the same answer with more emphasis. He then hid himself and I could not see him after that.

چنانچہ اس واقعہ کے ایک ماہ بعد تک میں نے اس واقعہ سے کسی کو آگاہ نہیں کیا تھا لیکن ایک روز جب میں حرم کاظمین میں دوبارہ گیا تو وہاں ایک سید بزرگوار کو دیکھا اور انہوں نے مجھ سے دریافت فرمایا: فلاں دن کیا واقعہ ہوا تھا؟ میں نے عرض کی: میں نے تو اس روز کوئی چیز نہیں دیکھی تھی، انہوں نے پھر پوچھا: تو بھی میں نے واضح طور پر انکار کیا تو وہ میری نگاہوں سے اوجھل ہوگئے اور اس کے بعد میں نے انہیں کہیں نہیں دیکھا۔

Printed from https://fzic.org/library/ziyarat/merits-3175 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.